وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب! انیسہ زیب صاحبہ جو امنڈمنٹ لائی ہیں، پہلے میرے ذہن میں تھا کہ یہ ہمارے فنانس کے وہ دوسری کے حوالے سے لائی ہیں جبکہ یہ میں نے جب دیکھ لیا تو یہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے حوالے سے ہیں تو دونوں امنڈمنٹس ان کی Genuine ہیں، میں دونوں کو مانتا ہوں اور اس کو میں Accept کرتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendments are adopted and stand part of the Bill. Since no amendment has been moved by honourable Member in Clauses 3 and 4 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 3 and 4 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 3 and 4 stand part of the Bill. Amendment in Clause 5 of the Bill: Madam Anisa Zeb, Meraj Humayun, identical amendments in Clause 5 of the Bill, one by one.

Ms: Meraj Humayun: Sir, I withdraw, Anisa Zeb will take this topic. انیسہ زیب بہ او کڑی دا۔

جناب سپیکر: اوکے، میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ Clause 5 sub-clause (3) paragraph (a) میں نے اس میں تجویز کیا ہے کہ اس کو Delete کیا جائے۔ میں سمجھتی ہوں کہ بنیادی طور پر خیبر پختونخوا ریگولیٹری اتھارٹی نے ایک ایسا Unlawful کام کیا ہے، شاید وہ Target achieve کرنے کی دوڑ میں اس بات کو بھول گئے کہ جو ان کیلئے Domain set ہوا ہے، ان کے اپنے رولز اور ریگولیشنز جو ہیں اس میں پرنٹنگ شامل نہیں ہے لیکن باوجود اس کے انہوں نے ہمارے اس فنانس ایکٹ کے ذریعے یہ تبدیلی لانے کی کوشش کی ہے Basic definition ہی چینج کرنے کی، اور پرنٹنگ انڈسٹری جو ہے، اس

وقت اس کو انہوں نے 'مینوفیکچرنگ' سے ہٹا کے Service provider میں شامل کر دیا ہے یا اس کی تجویز دی ہے۔ جناب سپیکر! جو پرنٹنگ کے Sales Act, 1990 میں یہ جس طرح Define ہوا ہے، اس میں یہ مینوفیکچرر کے طور پر ہے، اس کا Section 2 کا Sub-section (16) جو ہے، وہ اس کو Define کرتا ہے 'مینوفیکچرنگ' کے ساتھ۔ اس کے علاوہ اگر آپ یہ Approve کر دیتے ہیں تو صوبہ بھر میں جتنی پرنٹنگ انڈسٹری ہے اور اس کے ساتھ ملحقہ جتنی انڈسٹریز ہیں، چاہے وہ اخبار کی صنعت ہے، وہ کاروبار کی صنعت ہے، وہ تمام کے تمام مزید Finacial burden ہوں گے بغیر کسی اپنے قصور کے، Overall اس کا مطلب ہے کہ آپ پورے معاشرے میں صرف اس ایک Definition کو چینج کرنے کیلئے اور اپنا کچھ Target meet کرنے کیلئے آپ اس کو چینج کریں گے۔ Already جو پرنٹنگ انڈسٹری ہے، وہ سترہ فیصد جی ایس ٹی Pay کر رہی ہے، اگر وہ Raw material خریدتی ہے دوسرے صوبوں سے یا وہ باہر سے Import کرتی ہے، اگر وہ لیتی ہے تو اس پر سترہ فیصد جی ایس ٹی وہ Raw material پہ Pay کر رہی ہے۔ اس سے یہ ہوتا ہے کہ بعد میں جب ٹیکسیشن کی بات آتی ہے تو ایف بی آر میں وہ اماؤنٹ جمع کرنا ہوتی ہے، وہ ان کے ساتھ ٹیکس میں ایڈجسٹ کر لیتے ہیں۔ اب اگر یہ ہے خیبر پختونخوا ریگولیٹری اتھارٹی پندرہ فی صد اور جی ایس ٹی مقرر کرے گی تو پھر وہ جو اماؤنٹ ہے، وہ تو آپ ایف بی آر کو Pay کرتے ہیں جو کہ آپ Raw material پر لیتے ہیں اور یہاں پر یہ چارج کریں گے جب Invoice پرنٹ کریں گے، پرنٹنگ Invoice کے اوپر وہ پندرہ فی صد اس کا مطلب ہے ڈبل ٹیکسیشن۔ جناب سپیکر! Already اس میں، قانون میں ممانعت ہے اور پھر خاص طور پر جو اس میں سب سے اہم بات ہے کہ 'مینوفیکچرنگ' سے جب آپ اس کو Service provider میں لے جائیں گے تو 'مینوفیکچرنگ' کیلئے 4.5% انکم ٹیکس کا ریٹ ہے اور Service provider کا 10% ہے، یعنی آپ 5.50% یہاں پر ان پر انکم ٹیکس کا مزید بوجھ ڈالیں گے۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ خیبر پختونخوا ریگولیٹری اتھارٹی اپنے رولز اور ریگولیشنز کو دیکھے، ان کی ویب سائٹ کو وزٹ کریں، اس میں کہیں بھی پرنٹنگ انڈسٹری اس کے Domain میں شامل نہیں ہے، پشاور ہائی کورٹ نے جناب سپیکر! ایک فیصلہ، Judgment دیا تھا 13 مئی 2013 میں اور انہوں نے اس کے Para 4 Sub-section (i) میں انہوں نے پرنٹنگ انڈسٹری

کو 'مینوفیکچرنگ' میں Define کیا ہے تو اس لحاظ سے یہ ایک کورٹ کے حوالے سے بھی وہ بنتا ہے، اس کیلئے بھی Defiance of the Court بھی بن جائے گا کہ اگر آپ اس کو ایک Simple law سے اس کی Whole definition structure کریں گے تو صوبے کی پرنٹنگ انڈسٹری Definitely بہت متاثر ہو گی لیکن اس کے ساتھ ایک Wrong doing بھی ہو رہی ہو گی، اسلئے میں نے یہ ریکویسٹ کی ہے کہ یہ جو کلاز ہے، اس کو Delete کیا جائے۔

جناب سپیکر: مظفر سید صاحب!

وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب! یہ چونکہ عوامی مسئلہ ہے اور اس میں محترمہ انیسہ زیب صاحبہ نے جو امنڈمنٹ لائی ہے تو اس کے ساتھ میں اصولی طور پر Agree کرتا ہوں، یہ انہوں نے عوام کے مفاد میں بات لائی ہے، تو لہذا ان کی امنڈمنٹ سے میں Agree ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Amendment in Clause 6 of the Bill: Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao, Madam Anisa Zeb, Jafar Shah, Identical amendments in Clause 6 of the Bill, one by one.

Mr. Sikandar Hayat Khan: Thank you, Mr. Speaker Sir. I beg to move that Clause 6 may be deleted.

Ms: Anisa Zeb Tahirkheli: Mr. Speaker, I beg to move that Clause 6 may be deleted.

Mr. Speaker: Sikandar Khan! Please.

جناب سکندر حیات خان: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! دا بنیادی طور باندې د دې Clause deletion چې مونږ Propose کړے دے، د هغې دوه درې وجوهات دی جناب سپیکر! او زه دا ګنړمه چې دا لږ Serious matter دے۔ یو خو په دې حوالې سره جناب سپیکر! چې دا Khyber Pakhtunkhwa Civil Servants Retirement Benefits and Death Compensation Act, 2014 کښې دوئ چینج راولی لګیا دی چې کوم دې هاؤس په 28 اکتوبر 2014 کښې

پاس کړے وو د دې هاؤس نه، يو خو جناب سپيکر! دا يو ډير عجيبه Trend دے چې فنانس 'بل' هميشه د ټيکسيشن او د ريونيو سره تعلق ساتي او د هغې زياتول يا کمول چې دی، د هغې سره تعلق ساتي۔ نن دوئ دا يو نوے Trend جوړوی چې ديکښې نور Laws هم راولی او هغه فنانس 'بل' والا ايشو چې ده، هغه Complicate کوی جناب سپيکر! نو د هغې حوالې سره زه دا گنړمه چې دلته کښې اول خو دا، که په دې لاء باندې گورنمنټ ته اعتراض هم وو نو This is not the right place or the right Bill to bring the amendments in، هغه پکار ده چې دوباره دوئ په بل Form کښې دې هاؤس ته راوړے وے او په دې باندې Thoroughly ډيبيټ شوے وے چې بهئ ولې يو شے، يو ايشو دې هاؤس Decide کړې ده په اکتوبر کښې، دې سيشن کښې مطلب Decide شوې ده او هغې کښې دوباره دوئ چينج راوستل غواړی، نو بهئ راولئ دې هاؤس ته او هغې کښې Reasons اوښايئ۔ دا يو Back door لاره اختيار کيږی لگيا ده چې کوم جناب سپيکر! د هغې دا Trend ټهيک نه دے هغه حوالې سره، نو يو خو په دغه حوالې سره چې دا په فنانس 'بل' کښې ځائې نه نيسی چې دا امنډمنټ دلته کښې راشی۔ نمبر دو جناب سپيکر! دلته کښې دا سوال هم پيدا کيږی چې اوسه پورې چې دا په اکتوبر کښې پاس شوے دے، گورنر هم دې ته Assent ورکړے دے، اوسه پورې په دې باندې Implementation ولې نه دے شوے، د دې پکار ده چې وضاحت اوشی چې بهئ د اکتوبر نه اوسه پورې په دې باندې Implementation ولې نه دے شوے؟ آيا د دې هاؤس نه چې کوم شے پاس شی جناب سپيکر! آيا د هغې هډو څه Value نشته؟ آيا د هغې څه حيثيت نشته چې په هغې باندې Implementation نه کيږی جناب سپيکر؟ بل جناب سپيکر! دلته کښې په دې هاؤس کښې د فنانس پارليمنټری سيکرټری محمد علی خان چې دے، هغوی هم د دې ايشورنس ورکړے وو چې بهئ په دې باندې به Implementation کيږی نو آيا چې دې هاؤس کښې د دې هاؤس يو پارليمنټری سيکرټری يو ايشورنس ورکړی، آيا په هغې باندې هم چې عمل نه کيږی نو دا هم زياتے نه دے جناب سپيکر! د دې هاؤس سره؟-----

<u>جناب سپیکر</u>: لاء منسټرا! اټنشن، پليز۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر! زه دیکښې د لاء منسټر صاحب نه به دوه درې تپوسونه زما دی جی، یو خو دا چې Ordinary legislation آیا د فنانس'بل' سره۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تاسو لږ خبره یاد لرئ، زه د لاء منسټر صاحب نه به لږ دې باندې Comments اخستل غواړمه چې آیا دا د فنانس'بل' حصه جوړیدے شی که نشی جوړیدے؟ تاسو خپله خبره اوکړئ خیر دے، هغه به لږ په دې دغه اوکړی۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر! زما هم دغه کوئسچن دے چې آیا فنانس بل کښې Ordinary legislation راتلے شی او که نه؟ دا د لاء منسټر صاحب که مونږ له دغه راکړی جی۔ دویم دا ده چې که دا هاؤس Competent دے او دا یو شے پاس کړی نو بیا پکار ده چې د هغې طریقه ده، که هغې کښې چینج هم راولی نو د هغې یو طریقه کار دے، ولې دا Back door method دغه کیږی او آیا دا Trend ښه Trend دے او که نه دے؟ د دې د هم لاء منسټر صاحب مونږ له جواب راکړی سپیکر صاحب! او ورسره ورسره چې بهئ په دې هاؤس کښې چې ایشورنس گورنمنټ ورکوی نو د هغې بیا څه حیثیت پاتې شو چې تاسو دلته کښې ایشورنس هم ورکړئ او بیا د هغېNext دStep کوئ چې د هغې د Withdrawal د پاره چې دے تاسو دغه راؤړئ نو بیا دلته کښې د حکومت د ایشورنس څه Value پاتې شوه؟ د دې د مونږ ته منسټر صاحب وضاحت راکړی۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: Sir, I will only چې کومې خبرې سکندر حیات خان شیرپاؤ صاحب کړې دی I own that خو I like to reiterate this question، ستاسو په وساطت لاء منسټر، Can the ordinary legislation which has no annexes with taxation be made through Finance Bill? Article 115 of the Constitution of Pakistan is very clear on it and it says، باقی مونږ ته اندازه شته چې گورنمنټ Definitely، مجھے یہ پورا یقین ہے کہ ان کے اپنے کوئی مسائل ہوں گے، اسی لئے گورنمنٹ اپنی ہی اس لیجسلیشن کو چیلنج کرنے کے درپے ہے، مجھے یقین ہے کہ ان کے کوئی فنانشل وہ ہیں لیکن اس کا طریقہ کار یہ نہیں ہے، اگر ان کو کوئی ایسا مسئلہ بھی درپیش ہے جیسا کہ سکندر

حیات خان نے کہا تو پھر یہ لاء کی صورت میں لے کر آئیں اور اس پر یہاں ہاؤس میں امنڈمنٹ پیش کریں۔ ویسے بھی میجارٹی ہے، گورنمنٹ آ کے اس امنڈمنٹ کو ٹھیک کرے لیکن افسوس اس بات کا ہوتا ہے، میں صرف یہ بات کروں گی، وہ تمام باتیں میں Repeat نہیں کرتی لیکن مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ کیا Legislature، یہ میں آن دی فلور آف دی ہاؤس کہہ رہی ہوں، کیا وہ بیوروکریسی کے تابع ہے؟ کیا بیوروکریسی ہی Dictate کرے گی مقننہ کو کہ وہ یہ قانون ہو؟ اگر ایسا تھا تو پھر ان کو Right time پر Advise دینا چاہیئے تھی۔ اگر یہاں سے یہ بل پاس ہو بھی گیا تھا تو ان کو گورنر صاحب کے پاس Rush کرنا چاہیئے تھا کہ وہ فوراً دوسرے دن اپنی Assent نہ دیں، ان کے پاس کوئی ٹائم تھا اور وہ دوبارہ Reconsideration کیلئے اس بل کو ہاؤس میں بھیجتے، یہ After thought ہے، اس وقت مجھے لگتا ہے Sorry to say کہ بیوروکریسی بھی سوئی ہوئی تھی، یہ ان کا کام تھا کہ وہ ٹیکنکل رائے دیتی حکومت کو بھی اور چیف منسٹر صاحب کو بھی اور پھر یہاں پر جب ہمارے پارلیمانی سیکرٹری برائے فنانس اٹھ کے کلیئر ایشورنس دیتے ہیں، کافی عرصے بعد، جو فروری میں جب ہم نے ایک ریزولیوشن کے ذریعے پوچھا کہ یہ جی اکتوبر سے پاس ہوا بل، قانون ہے اور ابھی تک نہیں ہو رہا ہے تو انہوں نے کہا ایک ہفتے کے اندر اندر اس پر عملدرآمد ہو گا، میں ایشورنس دے رہا ہوں۔ تو یہ ایشورنسز جو ہیں، یہ بڑی Important ہیں، مجھے یقین ہے فنانس منسٹر صاحب کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں، وہ بعد میں آئے ہیں اور ان کی پوزیشن مجھے پتہ ہے، وہ اس معاملے میں بڑی فہم و فراست کے مالک ہیں، مجھے یقین ہے، وہ اس کو Positively لیں گے۔ As such میرا مقصد حکومت کو کسی پریشانی میں مبتلا کرنا نہیں، اگر ان کی Kitty میں یہ اتنی بڑی ذمہ داری نہیں ہے تو یقین مانیں کہ قانون کا پھر مقصد یہاں فیل ہو جاتا ہے، اس کیلئے پھر طریقہ کار جو ہے وہ واضح ہے، اس کیلئے پھر اپوزیشن کو پہلے انسان رابطہ کر کے اس کو Confidence میں لیتا ہے، اپنے مسائل کے ساتھ اور پھر تب یہ اس طرح کے، یہ نہیں کہ آپ Back door سے آ کر، ایک ٹیکسیشن کے ردوبدل کا نام بجٹ ہے، اس میں آپ کیلئے پورے کا پورا قانون چینج کرنا قطعی Advisable نہیں ہے۔ تو میں یہ چاہوں گی کہ لاء منسٹر صاحب بھی اس پر روشنی ڈالیں اور اس بات پر بھی کہ کیا جب مقننہ ایک لاء پاس کر دیتی ہے

اور اتنے عرصے تک Implementation نہ ہو تو اس کی کیا سزا ہونی چاہیئے یا اس کے کیا Consequencesہونے چاہئیں؟ یہ اس پر بھی ضرور روشنی ڈالیں تو بہت مہربانی ہو گی۔

جناب سپیکر: امتیاز شاہد صاحب! لاءمنسٹر صاحب، پلیز۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں سکندر شیر پاؤ صاحب کا اور محترمہ انیسہ زیب صاحبہ کا جو کہ ماشاء اللہ ہمارے یہاں اسمبلی میں Experienced parliamentariansہیں۔ جہاں تک فنانس بل میں ایک عام بل کے لانے کا تعلق ہے تو اس لحاظ سے میں، Legally speakingکہ میرے خیال میں یہ ایک انتہائی نامناسب سی بات ہے کہ فنانس بل میں کوئی بھی عام بل لایا جاسکے اور اس کے علاوہ پبلک اکاؤنٹ کی مد سے جو رقم خرچ ہوتی ہے، وہ بھی آرٹیکل 155 میں کلیئر ہے کہ وہ گورنمنٹ کی گرانٹ میں شامل ہوتی ہے تو میرے خیال میں جہاں تک اس کا تعلق ہے، فنانس بل کا، تو عام بل کا لانا میرے خیال میں نامناسب ہے۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سر! یہ ڈیبیٹ جو ہے، یہ گزشتہ چند سالوں سے اس اسمبلی کے اندر اٹھتی رہی ہے۔ میرے خیال میں ایک مرتبہ گورنر صاحب جب اسمبلی کے اندر تھے تو انہوں نے ریونیو اتھارٹی کے حوالے سے یہ سوال اٹھایا تھا کہ یہ فنانس بل کا حصہ نہیں بن سکتی ہے اور اس کو بعد میں نے خود بھی مختلف لوگوں سے پوچھا ہے، It`s not, it is a Money Bill, every Money Bill is Finance Bill, every Money Bill is Finance Bill but every Money، یہ اس طرح ہے کہ 'منی' بل جو ہے وہ فنانس، ہر 'منی' بل فنانس بل ہے اور ہر فنانس بل جو ہے وہ 'منی' بل نہیں ہے، دونوں، مطلب ایک، 'منی' بل جو ہے وہ فنانس بل کا حصہ بن سکتا ہے تو یہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ، آپ یہ کس اس کے تحت کہتے ہیں؟

سینیئر وزیر (بلدیات): دیکھیں یہ Ordinary Money Bill ہے اسلئے اس کو فنانس بل کا حصہ بنایا گیا ہے، It's a Money Bill، ریونیو اتھارٹی کے حوالے سے سوال اٹھایا گیا تو وہ بھی یہی تھا، یہ 'منی' بل ہے، دیکھیں یہ جو امنڈمنٹ یہ لے آئے ہیں، یہ 'منی' بل ہے، یہ Phases میں کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: نہ عنایت صاحب! میں اس میں Definitely لاء منسٹر کے Opinion کو زیادہ Importance دوں گا اور میں ہاؤس کے سامنے رکھوں گا کیونکہ اگر اس طرح ہے تو لاء منسٹر کا Opinion جو ہے ناں زیادہ Importance رکھتا ہے۔ منسٹر فنانس! پلیز۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب! جناب سکندر حیات شیرپاؤ خان اور محترمہ انیسہ زیب صاحبہ نے جو ترامیم لائی ہیں، وہ اپنی جگہ پہ ایک بات ہے لیکن جہاں تک Civil Servants Retirement Benefits and Death Compensation Act, 2014 جو کہ اسمبلی سے منظور شدہ اور یہاں پہ اس میں محکمہ خزانہ کی طرف سے درج ذیل جو Slabs تجویز کی گئی ہیں جن کی رو سے ملازمین کو وفات یا ریٹائرمنٹ کے وقت مندرجہ ذیل نقد رقومات ملیں گی، میں اسلئے یہ بات کرتا ہوں کہ ایکٹ کے لاگو ہونے کے پہلے پانچ سال کے دوران شیڈول میں دی گئی رقم کا پچیس فیصد اور ایکٹ کے لاگو ہونے کے دوسرے پانچ سال کے دوران شیڈول میں دی گئی رقم کا پچاس فیصد اور ایکٹ کے لاگو ہونے کے تیسرے پانچ سال کے دوران شیڈول میں دی گئی رقم کا پچھتر فیصد اور ایکٹ کے لاگو ہونے کے پندرہ سال بعد شیڈول میں دی گئی رقم کا سو فیصد اسمبلی میں بل پر بحث کے دوران ترامیم تجویز کی گئیں جس کے بجائے مذکورہ Slabs کے تحت ریٹائر ہونے والے ملازمین کو شیڈول میں دی گئی تمام رقومات کو روز اول ہی سے یکمشت ادائیگی کی منظوری دی گئی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ان ترامیم کو منظور کرتے وقت قوانین کے مطابق حکومت سے مشورہ نہیں کیا گیا اور نہ ہی محکمہ قانون سے ترامیم پر رائے لی گئی۔ جناب سپیکر صاحب! ایکٹ کی منظوری کے بعد حکومت کیلئے درج ذیل مشکلات پیدا ہوں گی۔ میں اس بات کو تھوڑا سا آپ کے اور ایوان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں، ریٹائر ہونے والے ملازمین کو ایکٹ کے مطابق رقم کی ادائیگی کرنے کیلئے آئندہ پانچ سال میں اڑھائی ارب روپے اور آئندہ پندرہ سالوں میں اکیس ارب روپے اور مزید پانچ سالوں میں پینتیس ارب روپے درکار ہوں گے جبکہ ایکٹ کے مطابق قائم کئے جانے والے فنڈ میں اتنی رقم کا جمع ہونا ناممکن تھا، اس

صورت میں یہ سکیم Sustainable بھی نہیں رہتی۔ مزید یہ کہ یہ سکیم غیر معقول اور غیر منطقی بھی ہے کیونکہ اس سے ان ملازمین کو Benefit ملے گا جن کی نئی سکیم کے تحت فنڈ میں کوئی Contribution نہیں ہے۔ اگر مجوزہ طریقے سے ادائیگیاں کرنی شروع کر دی گئیں تو نتیجہ میں یہ فنڈ دیوالیہ ہو جائے گا۔ جناب سپیکر! اس سکیم کی منظوری کے بعد کئی قسم کی قانونی پیچیدگیاں بھی پیدا ہوں گی جو کہ شروع میں ریٹائر ہونے والے ملازمین تمام جمع شدہ رقم لے جائیں گے اور بعد میں ریٹائر ہونے والے ملازمین کو ادائیگی کیلئے فنڈ میں کچھ نہیں ہو گا اور حکومت کے خلاف Litigation شروع ہو گی۔ جناب سپیکر! میں تھوڑا سا، میں تھوڑا سا۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! ویسے آپ کو تو پتہ ہے کہ آپ ریڈنگ نہیں کر سکتے، آپ Verbally بات کر سکتے ہیں اور دوسری بات یہ کہ آپ نے خود اس فلور پہ جو Commit کیا تھا۔۔۔۔

وزیر خزانہ: نہیں، مجھے اندازہ ہے، مجھے اندازہ ہے سپیکر صاحب! بات یہ ہے کہ ابھی لاء ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ایک بات آ گئی اور ان کی ترامیم کے حوالے سے بھی بات آ گئی۔ ابھی یہ ہے کہ ہم تو نیک نیتی پہ یہ بات اسلئے کرتے ہیں کہ حکومت مشکلات سے دوچار نہ ہو، اس کیلئے مشکلات نہ ہوں، اس کیلئے یہ فنڈ اور پھر لوگوں کو Litigation، اور لوگ پھر عدالتوں کو جائیں گے اور یہ اس قسم کی مشکلات کی وجہ سے، یہ Consensus develop کرنے کے حوالے سے میں بات، اور میں تفصیل اسلئے کہہ رہا تھا کہ اب یہ ہے کہ اس کو۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس طرح کرتے ہیں کہ اس کو ایجنڈے سے، Next routine agenda میں اس کو لے کر آتے ہیں تاکہ اس پہ، یہ اس کو Delete کر لیں اور Next agenda میں لے کر آئیں تاکہ Detailed discussion ہو اور اس کیلئے اس کو Delete کیا جائے۔

وزیر خزانہ: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے جی۔ جناب سپیکر صاحب! ابھی چونکہ لاء ڈیپارٹمنٹ کے Views بھی اس حوالے سے اور لاء منسٹر صاحب کے بھی آئے ہیں، ان دونوں نے بھی بات کی ہے تو ٹھیک ہے، اسلئے اصولی طور پہ میں یہ جو آپ نے چیئر سے آرڈر دیا اور آپ نے اپنے Comments دیئے تو اس کے بارے میں میں صرف اتنا ہی کہوں گا کہ یہ جو ترمیم لائی ہے، یہ نیک نیتی پہ لائی گئی ہے اور تمام ملازمین کی خیر

کیلئے ہے اور اس سے تمام لوگوں کو فائدہ بھی ہو گا مگر جو ٹیکنکل مشکلات ہیں، ان کو دور کرنے کیلئے اس کو آئندہ ہم ایجنڈے پہ لائیں گے ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس کو Next اس میں رکھیں گے تاکہ اس پہ Detailed discussion ہو۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ بہت بڑا اچھا Gesture ہے جو گورنمنٹ دکھائے گی، میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ جو کلاز 6 ہے، اس کو Delete کرنے کے ساتھ ساتھ Preamble, Long and Short Title اور جو سیکشن میں دیا ہوا ہے، وہ بھی ساتھ ہی Delete کرنا ہوں گے تاکہ مکمل طور پہ پھر بعد میں اس کو Reconsider کیا جاسکے۔

Mr. Speaker: Agreed, agreed.

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی ویسے یہ آپ کا کام نہیں ہے، آپ کا کام نہیں ہے کہ آپ اس پہ بار بار بولتے ہیں۔ جی جی، عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میری اب بھی وہی Contention ہے کہ 'منی' بل جو ہے It is Finance Bill, it is Finance Bill اور اس پہ آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس پہ Comments ہو گئے، عنایت خان!

سینیئر وزیر (بلدیات): نہیں، دیکھیں 'منی' بل، اس فنانس بل میں اب بھی اسی نکتے کے اوپر کھڑا ہوں کہ Money Bill is Finance Bill اور اس کے اوپر میں آپ سے Further request کروں گا کیونکہ میں یہ ایشو مسلسل سن رہا ہوں سر! ایوان کے اندر اٹھتا رہا ہے، اس کا آپ ایک فائنل لاء ڈیپارٹمنٹ اور لاء منسٹر اور ایڈووکیٹ جنرل اور اسمبلی کے جو سیکرٹری اسمبلی ہیں، ان سب کو بٹھا کر Once and for all اس ایشو کے حوالے سے آپ کوئی وہ دے دیں کہ Is Money Bill is Finance Bill or not?

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، بالکل اس پہ وہ کرلیں گے اور ہم اس کے اوپر Proper opinion بھی لیں گے اور Next یہ ایک Proper Bill کے طور پہ آجائے۔

## فنانس بل 2015 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: The motion before the House, sorry, 'Passage': Honourable Minister for Finance, to please move for passage of the Bill.

وزیر خزانہ: یہ میرے پاس تو نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Finance Minister Sahib! 'Passage, Passage'.

وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب! میں فنانس بل پاس کرنے کی تجویز پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Finance Bill, 2015 may be passed as amended? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed as amended.

(Applause)

## منظور شدہ اخراجات کے توثیق شدہ جدول برائے مالی سال 2015-16 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: Item No. 07. Honourable Minister for Finance, to please lay on the table of the House the Authenticated Schedule of Authorized Expenditures of Annual Budget for the Year 2015-16 under Article 123 of the Constitution. Ji, Muzaffar Said Sahib.

وزیر خزانہ: میرے پاس وہ نہیں ہے، کاغذ نہیں ہے جناب سپیکر صاحب! میں یہ شیڈول منظوری کیلئے پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: It stands laid.

## رسمی کارروائی

جناب سپیکر: ہاں، مظفر سید صاحب! آپ کچھ بات کرنا چاہتے ہیں، اس کے بعد چیف منسٹر صاحب باقاعدہ خطاب کریں گے تو آپ نے ریکویسٹ بھیجی تھی کہ میں کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں، آپ بس چار پانچ منٹ میں اپنی بات کرلیں۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا، تمام ہاؤس کا اور اپوزیشن کے موجود ساتھیوں کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اس بجٹ پراسیس میں، اس پورے سلسلے میں انہوں نے بڑی کامیابی سے اپنا Input دیا۔ میں اپنے فنانس ڈیپارٹمنٹ کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے بھی اس حوالے سے بڑی محنت سے کام کیا، بڑی فراخدلی سے کام کیا اور میں اسمبلی سیکرٹریٹ کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے بھی اس حوالے سے اپنا بڑا وقت دیا اور اس حوالے سے یہ بجٹ پی ٹی آئی، جماعت اسلامی اور عوامی جمہوری اتحاد کی حکومت کا مشترکہ طرز حکمرانی کا عکاس ہے۔ جناب سپیکر! اس کا محور عوام اور صرف عوام ہیں اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے ہم تبدیلی کی طرف گامزن ہیں۔ یہ بجٹ جناب وزیر اعلیٰ محترم پرویز خٹک صاحب کی رہنمائی اور ارکان کابینہ اور پارلیمانی لیڈرز اور دیگر ارکان اسمبلی کی مشاورت سے تیار کیا گیا جس کیلئے میں ان کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ اس معزز ایوان کے سامنے حزب اختلاف نے بجٹ کے دوران مختلف چیزوں پہ تنقید کی، تنقید جمہوریت کا حسن ہے جو حکومتی اقدامات میں اصلاح کا باعث بنتی ہے اور جمہوریت کو تقویت بھی پہنچاتی ہے، میں اس ضمن میں تمام اراکین ایوان بالخصوص حزب اختلاف کے ان اراکین کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے میری بجٹ تقریر کے اوائل میں ڈسک بجا کر میری حوصلہ افزائی کی اور پھر جیسا کہ ضرب المثل ہے "خاموشی نیم رضامندی" ہے تو یہ رضامندی ہے، خاموشی اختیار کرکے بجٹ کی تائید کی اور جناب سپیکر! میں بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں ایک بار پھر صوبائی محکمہ خزانہ، محکمہ پی اینڈ ڈی اور ترقیات کے انتظامی محکمہ جات کی کاوشوں کا میں ممنون ہوں جنہوں نے دن رات کی محنت میں ان گنت اعداد و شمار کو ایک لڑی میں پرو دیا اور اس کے اندر معنویت اور مقصدیت پیدا کی جناب سپیکر! جو بجٹ کی ضخیم کتابوں کی شکل میں آپ کے سامنے موجود ہے۔ اس ضمن میں سیکرٹری فنانس سید بادشاہ بخاری صاحب کی خدمات کا اعتراف کرتا ہوں جو چالیس سال کے طویل عرصے تک اپنی خدمات پیش کرنے کے بعد 11 جون کو سبکدوش ہوئے اور صوبائی حکومت نے ان کو خصوصی طور پر جون کے آخر تک اپنے فرائض انجام دینے کی ہدایت کی، میں اپنے

اور ایوان کی طرف سے ان کی محنت، ذہانت اور دیانت کا اعتراف کرتا ہوں اور ان کی آئندہ خوشگوار زندگی کیلئے دعا گو بھی ہوں۔ جناب سپیکر! میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ بجٹ بنانا ایک تکنیکی اور پیچیدہ عمل ہے جس کیلئے متعلقہ علوم سے آگاہی، عملی تجربہ اور فنی مہارت بنیادی ضرورت کی حیثیت رکھتے ہیں۔ محکمہ خزانہ کے عملہ اور افسران نے اس ضمن میں شاندار کارکردگی کا عملی مظاہرہ کیا اور مشکل حالات میں مالی وسائل بالخصوص آٹھویں این ایف سی کی عدم دستیابی اور وفاقی حکومت سے صوبے کی رقومات کی وصولی میں تاخیر اور بے قاعدگی اور صوبائی محاصل میں کمی جیسی مشکلات کے باوجود ایک متوازن بجٹ پیش کیا۔ جناب سپیکر! میں بجٹ کو اس یوان کے سامنے منظوری کیلئے پیش کرنے کے تمام مراحل کو بخوبی سرانجام دینے پر اسمبلی سیکرٹریٹ کے جملہ عملے کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور شکریہ بھی ادا کرتا ہوں۔ (تالیاں) یہ امر قابل ذکر ہے کہ مالی سال 15-2014 کے دوران سالانہ بجٹ میں مرکزی حکومت سے رقومات کی کم دستیابی اور وصولی کے باوجود توازن کو برقرار رکھا اور بہتر Fiscal Incentive Scheme کے ذریعے چار ارب 37 کروڑ 79 لاکھ روپے حاصل کئے۔ صوبے میں موجود مختلف منجمد اکاؤنٹس میں موجود پانچ ارب سے زیادہ رقومات سرکاری خزانے میں یکجا کرکے بجٹ کے مصارف کیلئے متحرک کی گئیں۔ جناب سپیکر! بجٹ پر دباؤ کو کم کرنے کیلئے ہائیڈل ڈیویلپمنٹ فنڈ، جی پی آئی اور پنشن فنڈ میں موجود رقومات جو کہ سالہا سال سے بینکوں میں کم تر شرح منافع پر رکھی گئی تھیں، ان کو محفوظ اور بہتر سرمایہ کاری کی طرف منتقل کرنے کیلئے تین دہائی میں کوشش کی، ان میں شارٹ ٹرم انویسٹمنٹ میں سے لانگ ٹرم انویسٹمنٹ کی طرف منتقلی اور نیشنل بینک کے ذریعے بلامعاوضہ لین دین، بینک ڈیپازٹ کے بجائے حکومتی سرمایہ کاری جیسے اقدامات شامل ہیں جس سے ایک ارب 40 کروڑ 70 لاکھ کا اضافی فائدہ سرکاری خزانے کو ہوا۔ Austerity measurement یعنی سادگی اور کفایت شعاری اور موجودہ کیش بیلنس میں استعمال کے ذریعے اس کمی کو پورا کیا گیا۔ موجودہ حکومت کی حلف برداری کے وقت صوبہ وفاقی حکومت کا آٹھ ارب 60 کروڑ 85 لاکھ روپے مقروض تھا جس پر تقریباً سولہ فیصد سالانہ شرح سود بھی ادا کرنا پڑتا تھا، یہ قرضہ جات دو دہائیوں میں حاصل کئے گئے تھے۔ موجودہ حکومت نے ان قرضہ جات کی نہ صرف قبل از وقت ادائیگی کرکے پانچ ارب سالانہ سے زیادہ کی بچت کی، اس وقت صوبہ وفاقی حکومت کا صرف پانچ ارب اور دس کروڑ

روپے کا مقروض ہے اور ان شاءاللہ اس سال یہ رقم بھی واپس کر کے صوبہ کو وفاقی حکومت کے قرضہ سے مکمل طور پر آزادی حاصل ہو گی ان شاءاللہ۔ (تالیاں) میں یہ بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اس دوران حکومت نے کسی بھی ذریعے سے کوئی نیا قرضہ نہیں لیا، میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب سے سفارش کرتا ہوں کہ تمام ملازمین، ان کو آپ نے فراخدلی کا مظاہرہ کر کے ان کا آپ نے دس فیصد تنخواہ میں اضافہ بھی کیا اور بعض کی ایک تا15، 16ان کی اپ گریڈیشن بھی ہو گئی، بعض ایسے بھی ہیں جن کے مطالبات ہیں، جو پائپ لائن میں ہیں جس کیلئے حکومت نے کمیٹی بنائی ہے اور کمیٹی اس کا Thoroughly جائزہ لے رہی ہے جس میں اور بھی گنجائش ہے، ان شاءاللہ ہم ان کو مزید اپ گریڈ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ان کو بھی ہم اپ گریڈ کریں جن کے مسائل Genuine ہیں ان شاءاللہ ان کو ہم خاطر میں لائیں گے، یہ بات ختم نہیں ہے کہ بجٹ سپیچ میں جو بات آگئی اور وہ ختم ہو گئی، نہیں یہ سلسلہ چلتا رہے گا، ان کو روڈوں پہ مظاہروں کے بجائے وہ میز پہ بات کریں، ان کی یہ ساری کابینہ، یہ ساراایوان ان کے نمائندے ہیں، یہ کوئی مخالف نہیں ہیں، ہم ان کی بات کو بھی سنتے ہیں، ویلکم بھی کرتے ہیں اور ان شاءاللہ ان کو ہم آنر بھی کریں گے۔ ساتھ ہی ساتھ اس حکومت کا یہ عزم ہے، یہ سوچ ہے، یہ فکر ہے کہ ہم پبلک کو بھی، اور عوام کو اور ساتھ ہی ساتھ گورنمنٹ سرونٹس کو ہم Compensate کریں، ہم ان کو ریلیف دیں تو ان شاءاللہ وہ بھی اپنی جگہ پہ اور وہ ہمارے منصوبے میں شامل ہے۔ میں ایک بار پھر جو حسب روایات محکمہ خزانہ اور پی اینڈ ڈی کے اور صوبائی اسمبلی کے تمام ملازمین کو بجٹ کی تیاری کے سلسلے میں ان کی خدمات کا اعتراف، ان کو اکثر دو ماہ کی بنیادی تنخواہ کے برابر اعزازیہ کی بھی منظوری دی گئی ہے تو اس میں وزیر اعلیٰ صاحب خود، موجودہ حالات میں چونکہ میں نے انہیں صرف توجہ دلائی، وزیر اعلیٰ صاحب اس حوالے سے مجھ سے زیادہ فراخدل ہیں تو ان شاءاللہ وہ اپنی فراخدلی کا مظاہرہ خود ہی کریں گے لیکن یہ لوگ چونکہ رمضان ہے اور باہر روڈوں پہ، اور یہ ملازمین اور یہ اتنا زیادہ رات کے دو اور ایک ایک بجے تک انہوں نے اپنے وہ کئے ہیں تو میرے خیال میں ہم ان لوگوں کے اس دکھ کا احساس رکھتے ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

وزیر خزانہ: آخر میں ایک بار پھر میں اس معزز ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی بھرپور شرکت اور تعاون سے سالانہ بجٹ 2015-16 کی منظوری ممکن ہوئی۔ مجھے یقین ہے کہ یہ لمحات آپ کی اور میری زندگی میں ان شاءاللہ یادگار لمحات رہیں گے اور جس طرح میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا تو اتنے پرامن ماحول میں بجٹ پیش ہونا، بجٹ پاس ہونا، یہ بھی ایک بڑی مثبت تبدیلی ہے (تالیاں) چونکہ تبدیلی آئی ہے اور تبدیلی آتی رہے گی ان شاءاللہ۔ و آخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جناب پرویز خٹک صاحب! چیف منسٹر کے پی کے۔

(تالیاں)

جناب پرویز خٹک (وزیراعلیٰ): جناب سپیکر! چونکہ آج میرا خیال نہیں تھا کہ آج کمپلیٹ ہو جائے گا اور میں نے تیاری بھی نہیں کی تھی، آپ زبردستی مجھ سے تقریر کروا رہے ہیں۔ جناب سپیکر! سب سے پہلے تو میں اس ہاؤس کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور مبارکباد دیتا ہوں کہ آج ایک خوش اسلوبی سے یہ بجٹ آپ سب لوگوں نے پاس کیا۔ مجھے افسوس ہے کہ آج ساری اپوزیشن یہاں نہیں بیٹھی تھی، اگر وہ بیٹھی ہوتی تو اپنا کردار ادا کرتی۔ یہاں پر جو کوئی غلطی یا کوئی ایسی چیز جو ہے وہ ہمیں پوائنٹ آؤٹ بھی کر سکتے تھے، اپنے علاقوں کے مسئلے بھی سامنے لا سکتے تھے تو ادھر بیٹھنا ان کے نقصان میں نہیں تھا فائدے میں تھا جو انہوں نے ضائع کر دیا اور اپنے علاقوں کو نقصان پہنچایا۔ جناب سپیکر! اس سال کا بجٹ بنانا بڑا مشکل کام تھا، پتہ نہیں کہاں کہاں سے ہم نے یہ رقم جمع کر کے اور محکمہ خزانہ کے سیکرٹری صاحب اور منسٹر صاحب کو منا کر اور جہاں بھی ہو سکا اس سے رقم نکال کر ہم نے ایک بہترین بجٹ بنایا اور اسلئے کہ پچھلے سال سے یہ بجٹ تقریباً بیس فیصد، اکیس فیصد زیادہ ہے ان حالات میں اور Specially ہمارا Annual Development Programme جو ہے، پچھلے سال ہمارا جو تھا وہ ٹوٹل سو ارب تھا اور اس سال بھی دس کروڑ کم سو ارب ہے اور ساتھ ہی 43 ارب روپے ہم نے بلدیات کو بھی دے دیئے تھے۔ اس کا مقصد ہے کہ ہم نے اپنا بجٹ جو لوکل اے ڈی پی ہے، اس کو بھی ہم نے 43 فیصد بڑھایا نہ کہ کم کیا حالانکہ اتنی بڑی رقم ہم نے ضلعوں، تحصیلوں اور ویلج کونسلز کو دیں۔ جناب سپیکر! اگر ڈیویلپمنٹ سسٹم جو لوکل گورنمنٹ کے تھرو بھی آ چکا ہے، اگر یہ صحیح چلے اور صحیح طریقے سے یہ کام چلے تو مجھے ایسا لگتا ہے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ اس صوبے کی ہر گلی میں، ہر کوچے میں،

ہر گاؤں میں، ہر شہر میں آپ کو کام ہوتا ہوا نظر آئے گا، ہم نے بھی اے ڈی پی میں جو ہمارے صوبائی ممبران ہیں، ان کی بھی کوشش ہوتی ہے کہ اپنے علاقوں میں مسئلے حل کریں، ترقیاتی کام کریں۔ چونکہ ہم 99 ہیں تو 99 تو اتنے علاقوں میں نہیں پھیل سکتے، اس وقت 43 ہزار Elected لوگ کام کریں گے اور یہ ہر گلی میں ان شاءاللہ تعالٰی ترقی ہوگی اور کسی کو یہ کمپلینٹ نہیں ہوگی کہ صوبے میں کہیں ترقی ہو رہی ہے اور کہیں نہیں ہو رہی اور اسی بلدیاتی نظام جو ہماری حکومت نے Introduce کیا جس کا مقصد یہی تھا کہ عام لوگوں کو اپنے کام خود کرنے دیں، ایک گاؤں کے لوگ اپنے مسئلے خود حل کریں، یہ نہیں کہ وہ ایم پی ایز اور ایم این ایز کے پیچھے جائیں کہ ہمارا پانی کا مسئلہ ہے، گلی کا مسئلہ ہے، تو ہم نے گاؤں کے لوگوں کو Empower کر دیا کہ وہ اپنے مسئلے اور اپنے کام خود حل کریں، تو یہ ایک Revolution ہے کیونکہ اگر آپ اس کو غور سے دیکھیں تو ایک صوبے میں 43 ہزار Elected لوگ جب کام کریں گے تو اس کے اثرات کتنے بہتر ہوں گے، وہ لوگوں کے مسئلے کتنی آسانی سے حل کریں گے، ہر جگہ وہ پہنچیں گے، سکول میں پہنچیں گے، ہسپتال میں پہنچیں گے، ہر طرف ان کی نظر ہوگی۔ تو ان شاءاللہ تعالٰی بہتر حکومت سازی، یہ جو آج کی حکومت ہے ان شاءاللہ تعالٰی لوکل گورنمنٹ آنے سے اس میں اور زیادہ بہتری آئے گی جس کی طرف ہماری پوری کوشش ہوگی کہ ہم ان کی مدد کریں۔ جناب سپیکر صاحب! سکندر شیر پاؤ صاحب نے کچھ رقوم کا ذکر کیا تھا جو ہم نے In anticipation ڈالی ہے، فیڈرل گورنمنٹ سے وصول ہونے ہیں، اس میں ہمارا نیٹ ہائیڈل پرافٹ 65 بلین تھا اور مارک اپ کے 59.56 بلین اور یہ تقریباً 163 بلین ہیں اور اس میں ہم نے 57 بلین اس سال Expected رکھے تھے اور ساتھ ہی ساتھ جو ہماری بجلی کی Capped اماؤنٹ ہے، اس کو Uncap کرنے سے دس گیارہ ارب روپے ہمیں اور زیادہ ملیں گے کیونکہ ہم نے یہ ویسے نہیں ڈالے، وفاقی حکومت سے، فنانس منسٹر سے ہماری کئی میٹنگز ہو چکی ہیں، وہ ہم سے Agree کر چکے ہیں، Minutes میں آ چکا ہے، چونکہ صرف ایک اسی کو اب سی سی آئی میں لیکر جانا ہے کیونکہ فیڈرل گورنمنٹ ہمارے ساتھ Agree کر چکی ہے تو ایک Formality ہے جو سی سی آئی میں جانی ہے جس کیلئے ہم کیس تیار کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ ہمیں امید ہے کہ یہ پیسہ ہمیں ضرور ملے گا۔ اگر کچھ ایسی کمی بیشی ہوئی تو ہم نے سوچ سمجھ کر اس کیلئے آگے بھی ہم نے، راستے ہمارے پاس ہیں کہ ہم نے اپنے بجٹ کو کیسے Cover کرنا

ہے۔ جناب! اس بجٹ میں ہم نے کافی کوشش کی کہ ان لوگوں کو جو غریب ہیں جو کچھ Afford نہیں کر سکتے، ان کی مدد کی جائے۔ تقریباً 16 ارب روپے ہم نے اسے جیسا کہ سستا آٹا، سستا گھی ہے، اس سال سارے صوبے میں ہم گندم کیلئے مفت بیج دے رہے ہیں، اس کیلئے پیسے رکھے ہیں جو ان شاءاللہ یہ جو آئندہ فصل اگے گی، ان کو دیں گے لیکن اس کے ساتھ ہم نے شرط یہ رکھی ہے کہ جتنی زمین کیلئے ہم دیں گے، اس کی جو 'پروڈیوس' ہو گی، اس کی Per acre اس میں آدھی گندم جو ہے، گورنمنٹ کو بیچی جائے گی تاکہ ہمیں پنجاب اور اور جگہ سے گندم نہ لانی پڑے۔ اگر ہماری یہ ایڈجسٹمنٹ ہو جائے تو میرے خیال میں ادھر ہمارے اگر ڈیڑھ ارب روپے خرچ ہوں گے تو ادھر جو سبسڈی ہم گندم پہ دیتے ہیں، جو ٹرانسپورٹ پہ دیتے ہیں، ادھر ہمیں بچت ہو جائے گی، تو مجھے لگتا ہے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ یہ آپس میں ایڈجسٹ ہو جائیں گے۔ پھر ہم نے مطلب ہے کہ اس طرح کئی چیزیں شروع کی ہیں، ساتھ ہی سولر ٹیوب ویلز جو ہیں، وہ بھی ہم اس میں پیسے دے رہے ہیں، ہم کالج سٹوڈنٹس کو بھی دے رہے ہیں، ہم فش فارمز کو بھی دے رہے ہیں، کئی اور چیزیں ہیں جس میں ہم سبسڈیز دے رہے ہیں اور عام لوگ جو Afford نہیں کر سکتے، ہم پوری کوشش کر رہے ہیں کہ ہم ان کی مدد کریں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ چھوٹے بجلی گھر کا ذکر پچھلے سال بھی تھا، اس پہ کام شروع ہو چکا ہے، تقریباً سات ارب روپے اس پہ خرچ ہوں گے اور اس سال ان شاءاللہ تعالیٰ جو چھ ماہ کی سکیم تھی، وہ کمپلیٹ ہو جائے گی اور اگلے سال جون تک ان شاءاللہ تعالیٰ تقریباً ساری سکیمیں مکمل ہو جائیں گی اور ان لوگوں کو تقریباً دو روپے سے لیکر چار روپے Per unit بجلی مہیا ہونا شروع ہو جائے گی۔ یہ سکیمیں گورنمنٹ نہیں چلائے گی، ہم پیسے لگائیں گے اور کمیونٹی کو دیں گے تاکہ وہ خود چلائے اور اپنی بجلی خود پیدا کرے، یہ تقریباً 35 میگاواٹ ہے، 35 میگاواٹ کافی بجلی ہوتی ہے اور عام لوگوں کیلئے بہت فائدہ مند ہو گی۔ پھر ان دو سالوں میں Throughout ہماری یہ کوشش رہی کہ ہم گڈ گورننس کی طرف زیادہ توجہ دیں، ہماری پوری کوشش ہے کہ ہم کئی چیزوں میں Interfere نہ کریں، ہماری پوری کوشش ہے کہ میرٹ پہ کام ہو، این ٹی ایس کے تھرو جابز ہو رہی ہیں، ہماری پوری کوشش ہے کہ یہ گورنمنٹ Transparent رہے، کوئی ادھر، مطلب ہماری یہ پوری کوشش ہے کہ کوئی کرپشن نہ کر سکے، کوئی ہم پر انگلی نہ اٹھا سکے، تو یہ اسی حکومت اور ہمارے اتحادی ہم سب کی کوشش ہے کہ صاف ستھری حکومت ہو اور

بغیر کسی Interference کے حکومت چلے اور پوری کوشش یہ ہے کہ کل جب عوام کے پاس جائیں تو ہم فرق بتا سکیں کہ اس سے پہلے جو حکومتیں تھیں اور یہ جو حکومت ہے، اس میں کیا فرق ہے جس میں لوگ خود ہی بولیں گے ان شاءاللہ تعالیٰ کیونکہ یہ وہ حکومت ہے کہ کوئی انگلی نہیں اٹھا سکتا کہ اس میں کوئی کرپشن ہے جو پچھلے دوروں میں ہوتی رہی، وہ یہ نہیں کہہ سکتا کہ نوکریاں بک رہی ہیں، کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ ٹینڈر بک رہے ہیں، ان شاءاللہ تعالیٰ صاف ستھری حکومت ہے اور جب تک ہمیں اللہ وقت دے گا، یہ صاف ستھری رہے گی اور یہ ہمارے مین ایجنڈا کا، مین مقصد یہی ہے کہ ہم نے تبدیلی دکھانی ہے کہ ہم میں اور اور لوگوں میں کیا فرق ہے ؟اس کے ساتھ ہماری یہ بھی کوشش ہے کہ ایسا نہ ہو کہ ایک دو ضلعوں کو یہ، پتہ نہیں مجھے، کبھی کبھی میں دیکھتا ہوں کہ نوشہرہ کو فنڈ جارہا ہے، صوابی جارہا ہے، ذرا اس بجٹ کو کھول کر تو دیکھ لیں کہ اس میں ہے کیا؟ کوئی ایسا نہیں ہے کہ کہیں صوابی زیادہ جارہا ہے، سارے صوبے کو برابر تقسیم ہو، میں مانتا ہوں کہ ایک دو چار ضلعوں میں کوئی فرق آگیا ہو لیکن باقی فنڈز جو ہیں Equal تقسیم ہوتے ہیں، جیسے ہی ہمارے Elected لوگ سکیمز دیتے ہیں، میں نے پوری کوشش کی کہ سب لوگوں کی سکیمیں ہیں، سب علاقوں کی سکیمیں ایڈجسٹ کی جائیں اور اپوزیشن کیلئے بھی میں نے ان سب کی سکیمیں ایڈجسٹ کی ہیں۔ جس نے جو سکیم دی ہے، ہم نے اس کو ایڈجسٹ کیا ہے، ان کا بھی اس صوبے میں حصہ ہے، انہوں نے اپنے علاقوں میں ترقیاتی کام کرنے ہیں، ان فنڈز میں بھی ان کا پورا حق بنتا ہے (تالیاں) اور حق بنتا ہے تو یہ حکومت ایسی ہے کہ ناانصافی نہیں کر سکتی۔ اگر ہم اپنے دوستوں کی طرح اپنے علاقوں میں ترقی کریں گے اور اپوزیشن کے علاقوں میں نہیں کریں گے تو وہ بھی اس صوبے کیلئے نقصان ہے، تو ہم کبھی بھی اپنے اس صوبے کے نقصان کا نہیں سوچ سکتے، کہیں تھوڑا بہت فرق ہو گا، میں کوشش کرتا رہتا ہوں کہ ان کو ایڈجسٹ کروں۔ ساتھ ہی ساتھ جتنے ہمارے یہاں پر ڈسٹرکٹس ہیں جیسے پشاور ہے، اب پشاور میں جو سروسز ہم شروع کرتے ہیں جیسے ہم نے یہاں پر سینی ٹیشن کمپنی بنائی، اس میں صفائی ہے، اس میں سینی ٹیشن ہے، اس میں Uplift اور Beautification ہے، پشاور میں پچھلے سال سے شروع ہوئی اور ساتھ ہی ساتھ ہم نے آرڈر کیا کہ ہر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں یہ سینی ٹیشن کمپنیز بنی چاہئیں، وہ تقریباً اب بن چکی ہیں، اس سال ہم ان کو فنڈز دے رہے ہیں، تو جو صفائی کے کام کا طریقہ کار ہے، جو سینی ٹیشن کا ہے، جو

Beautification کا ہے، جو Uplift کا ہے، وہ سارے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں اس سال سے یکساں شروع ہو جائیں گے تاکہ سارے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز بھی خوبصورت لگیں اور ساتھ ساتھ ہم نے لوکل گورنمنٹ کو فنڈ سے ہر ضلع کو، ہر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوراٹر کو فنڈ Last year بھی دیا ہے کہ ہر ضلع کے ہیڈ کوارٹر کے روڈ، اس کی خوبصورتی، اس کا مطلب Clean Drinking Water جو بھی ایک خوبصورت شہر کیلئے چاہیئے ہو یا ٹاؤن کیلئے، وہ ہم مختلف فنڈز مہیا کر رہے ہیں، پچھلے سال بھی کروڑوں روپے ہم نے ان کو دیئے ہیں اور اس سال پھر دیں گے تاکہ سارا صوبہ اکٹھا ترقی کرے، سارا صوبہ اکٹھا ایک خوبصورت شکل میں نظر آنے لگے۔اسی طرح یہ جیسے 1122 ہے، یہ پچھلی حکومت میں دو ضلعوں میں تھا، مردان اور پشاور میں، پچھلے سال ہم نے تین ڈویژنز کو دیا، پانچ ہو گئے،اس سال ہم نے آٹھ اور ڈسٹرکٹس کو دے دیا، تقریباً 13 ضلعوں میں اس سال ریسکیو 1122 پہنچ جائے گا تاکہ سب کو سہولت ملے۔اس کے بعد تقریباً 11 اضلاع یا 12 رہ جائیں گے،ان شاءاللہ تعالیٰ اگلے سال سارے ضلعوں کو ہم اس 1122 میں کریں گے تاکہ سب کو ایک جیسی سہولت ملے۔ (تالیاں) تو میرا مقصد کہنے کا یہ ہے کہ ہم صرف ایک ضلع یا دو ضلعوں کیلئے کام نہیں کر رہے، ہم سب کیلئے جو کر رہے ہیں، ہم برابر ہر ڈسٹرکٹ میں Equal فنڈ تقسیم کر رہے ہیں تاکہ ہر جگہ یکساں ترقی ہو۔ پھر ہماری یہ بھی کوشش ہے کیونکہ ایگریکلچر لینڈ ہماری تباہ ہو رہی ہے اور ہماری کوشش ہے کہ ہر ڈسٹرکٹ میں ایک یا دو ٹاؤن شپ بنیں کیونکہ ہماری آبادی عجیب طرح سے پھیل رہی ہے،اس کیلئے اس وقت ہم ایک نئی ٹاؤن شپ ایک موٹروے پر،ایک چترال میں،ایک ہنگو میں اور باقی ایبٹ آباد میں بھی لی لیکن لوگوں کی ایگریکلچر لینڈ تھی، ہم نے اس کو کینسل کر دیا،اب ایبٹ آباد میں بھی، تو ہماری کوشش ہے کہ ہر ضلع میں نئی ٹاؤن شپ بنے اور وہاں پر یہ جو گھروں کا پھیلاؤ غلط طریقے سے ہو رہا ہے، اس آبادی کو کنٹرول کیا جائے۔اسی طرح ہم نے جیسے وعدہ کیا تھا کہ ہم نے اپنی حکومت میں اختیارات جو ہیں، وہ پبلک کو پہنچانے ہیں، پبلک کو گورنمنٹ کے کاموں میں اکٹھا کام چلانا ہے، جیسے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ہم نے قانون پاس کیا،اب Last year،اسی سال جو گزر رہا ہے،اس میں ہم نے ٹیچنگ ہاسپٹلز کو اٹانومی دی تاکہ وہ اٹانومس ہوں، اپنے اختیارات خود استعمال کریں، ڈاکٹر اپوائنٹ کرتے ہیں، دوائیاں لیتے ہیں، مکمل اختیارات ہم نے ٹیچنگ ہاسپٹلز کو دے دیئے۔اس وقت چار ہاسپٹلز میں

بورڈ آف ڈائریکٹرز بن چکے ہیں، ان شاءاللہ تعالیٰ بہتر نتیجہ آنا شروع ہو جائے گا اور باقی ہمارے چھ سات جو ہاسپٹلز ہیں، ان میں بھی ان شاءاللہ تعالیٰ اسی مہینے کے اندر اندر ان کے بورڈز بنیں گے اور وہاں پر یہ نیا سلسلہ اٹانومس ہاسپٹلز کا شروع ہو جائے گا۔ تو ان شاءاللہ مجھے امید ہے کہ یہ ہمیں ریزلٹ، جو ہمارے بہترین ہسپتال ہیں پاکستان کے، ان کے برابر ان شاءاللہ ہمیں یہ ریزلٹ دیں گے اور اسی طرح آئندہ بھی ہماری کوشش ہو گی کہ ڈسٹرکٹ ہاسپٹلز کو بھی اٹانومس کریں کیونکہ اگر اختیارات کسی کو دیں، فنڈ صوبائی حکومت کا ہے تو ایک اچھی، ہمیشہ مین ڈسکشن یہ ہوتی ہے کہ جس محکمے کا یا جہاں پر بہترین بورڈ بنے گا جس کے اوپر کوئی انگلی بھی نہ اٹھا سکے، وہ کامیاب رہے گا۔ تو اسی طرح ڈسٹرکٹ ہاسپٹلز کو بھی ہم اٹانومس کر رہے ہیں تاکہ وہاں پر بھی بورڈز بنیں، لوکل لوگ وہاں اس میں بیٹھے ہوں اور اپنے کام خود کریں اور حکومت ان کی مدد کرے اور حکومت بھی ساتھ پارٹنر شپ میں رہے تو یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔ اسی طرح ہم نے کافی جگہ کمپنیز بنائیں، TEVTA بنائی، انڈسٹریل اسٹیٹس ہمارے صوبے کی جو ہیں، ان کو بھی ہم نے ایک کمپنی بنا کر سات آٹھ انڈسٹریل اسٹیٹس ان کے حوالے کر دیں، ان شاءاللہ ایک بہت اچھا ریزلٹ آپ کے سامنے آئے گا، وہاں پر کارخانے لگنا شروع ہو جائیں گے، وہاں پر Already وہ سارے انڈسٹریلسٹس، چونکہ ایک چیز ان کے ہاتھ میں آ جائے گی تو وہاں ان شاءاللہ نہ کرپشن ہو گی اور وہاں بہتری آئے گی اور ہمارے صوبے میں کارخانوں کی طرف لوگ متوجہ ہو جائیں گے۔ اسی طرح آئی ٹی بورڈ بنایا تاکہ وہ بھی اٹانومس ہو اور وہ اپنا کام پرائیویٹ سسٹم، پرائیویٹ اور گورنمنٹ مل کر ایک اچھا کام کر سکتے ہیں۔ انرجی اینڈ ہائیڈل بورڈ بنائی۔ اسی طرح ہم نے ہر محکمہ میں کوشش کی کہ کمپنیز بنائیں، بورڈز بنائیں اور پرائیویٹ لوگ جو یہاں کے اچھی سوچ والے لوگ ہیں، جو ٹاپ کلاس کے لوگ ہیں، وہ آئیں اور گورنمنٹ کے ساتھ ملکر ان محکموں میں مدد کریں تاکہ یہ آگے چلے۔ تو کبھی کبھی مجھ سے لوگ پوچھتے ہیں، یہ کیوں؟ میں نے کہا اگر یہ سب چیزیں ٹھیک ہوتیں، یہ سلسلہ ٹھیک چل رہا ہوتا تو ہمیں کیا ضرورت ہے کہ ہم اس کے بورڈز بنائیں، کمپنیز بنائیں؟ چونکہ سسٹم نہیں چل رہا اور ادارے ٹھیک کام نہیں کر رہے، ہسپتال ٹھیک نہیں ہیں، ہمارے کالجز، ان کو بھی ہم اٹانومی دے رہے ہیں، کالجز ان شاءاللہ اٹانومس ہو جائیں گے تب جا کر یہ، کیونکہ جب اسی علاقے کے لوگ اس بورڈ میں بیٹھیں گے، کالج کا بھی پوچھیں گے، اس کے ریزلٹ بھی پوچھیں گے، ہاسپٹل کا بھی پوچھیں

گے۔اس طرح اگر اور جتنے ڈیپارٹمنٹس ہیں، اس میں نیا Input آئے گا تو اسی وجہ سے ہم یہ سلسلہ آگے بڑھاتے جائیں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ جب پرائیویٹ سیکٹر اور گورنمنٹ ملکر کام کرے۔ اسی طرح میں آج، مجھے ابھی اطلاع آئی ہے کہ اپوزیشن نے اسلام آباد میں واک آؤٹ کیا ہے واپڈا کے خلاف، لوڈشیڈنگ کے خلاف، ہم ان کی تائید کرتے ہیں کیونکہ ہمارا بھی یہی مسئلہ ہے، لوڈشیڈنگ بے انتہا لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے اور یہ لوڈشیڈنگ ہم نہیں برداشت کر سکتے، میں اس ہاؤس کے تھرو پریس کو، سب کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ساتھ کیا زیادتی ہو رہی ہے ؟ ابھی بھی میں نے آج بھی، ڈیلی مجھے رپورٹ آ رہی ہے کہ کتنی بجلی ہم استعمال کر رہے ہیں، آج مجھے رپورٹ ہوئی کہ ڈیلی ہم اپنے حصے کی چار پانچ سو میگاواٹ ہم نہیں استعمال کر رہے ہیں، پیسکو چیف سے میٹنگ کر کر کے، واپڈا منسٹر سے، فیڈرل منسٹر Agreed ہے کہ ہمارے ڈیلی پروڈکشن میں ساڑھے تیرہ پرسنٹ شیئر ہے، وہ شیئر ہمیں ملے گا، وہ دیتے نہیں ہیں لیکن ادھر ہمارا نالائق پیسکو چیف ہے، مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ وہ اپنا حصہ بھی نہیں لے سکتا، وہ کہتے ہیں کہ یہ ڈیمانڈ ہی نہیں بھیجتا، اب چار پانچ سو میگاواٹ، مطلب تیسرا حصہ ہماری بجلی کا جان بوجھ کر جو یہاں پر پشاور میں افسران بیٹھے ہیں، وہ نہیں لیتے ہیں اور وہ پنجاب اور کہیں اور استعمال ہوتی ہے تو اب ہم کیا کر سکتے ہیں ؟ ہم نے ہڑتالیں کیں، ہم نے شور مچایا، اپنا حق ہم ان سے لے چکے لیکن مجھے سمجھ نہیں آتی کہ حصہ میرا، میرے صوبے کا، وہ کہتے ہیں کہ یہ ہمیں ڈیمانڈ ہی نہیں بھیجتے، تو میں اس ہاؤس سے آپ کی وساطت سے پیسکو چیف کو وارننگ کرتا ہوں کہ ہفتے کے اندر اندر ہماری پوری بجلی ہمارے اس صوبے میں استعمال نہیں ہوئی تو پھر ہم جا کر بات کریں گے، (تالیاں) پھر میں آپ سب سے، اپوزیشن کے، سب کے تعاون سے جا کر بیٹھیں گے اور واپڈا ہاؤس میں ہم دیکھتے ہیں کہ پھر یہ کس طرح ہمیں حصہ نہیں دیتے ؟ کیونکہ میں تو میرا خیال ہے بیس تیس میٹنگ کر چکا ہوں، اپنا حصہ مانگتا ہوں، میرے صوبے کی بجلی، ہم ہزار میگاواٹ زیادہ پیدا کرتے ہیں ہم اس کی ڈیمانڈ نہیں کرتے، حالانکہ ہماری طرف تو لوڈشیڈنگ ہونی بھی نہیں چاہیئے تھی، ہماری تو ایکسٹرا بجلی ہے، ایک ہزار میگاواٹ ہمارے پاس فالتو ہے، اس کی بھی بات نہیں کرتے ہیں، جو ڈیلی پروڈکشن میں میرے صوبے کا حصہ ہے، وہ بھی مجھے کوئی نہ دے تو پھر کیا ہمارا حق نہیں ہے کہ ہم ان کے دروازے بند کر دیں ؟ اور جیسے میں نے کہا تھا، آگ لگانا ہے تو چیف آف پیسکو کو لگائیں گے کیونکہ انہوں نے

ہم پر آگ لگائی ہوئی ہے، ہمارے صوبے کو آگ میں دھکیلا ہوا ہے (تالیاں) اور یہ ادھر واپڈا کی غلطی نہیں، کسی کی غلطی نہیں، غلطی ہمارے افسران کی ہے جو یہاں پر پشاور میں بیٹھے ہیں، جو اپنا حق، ملا ہوا حق وہ نہیں لیتے، کیوں نہیں لیتے؟ کیونکہ ان کے دل میں چوری کا، وہ چور ہیں، صاف سی بات ہے جب آپ پوری بجلی لیں گے تو ان سے وہ اس کے پیسے بھی پورے مانگیں گے تو اپنی چوری چھپانے کیلئے اس صوبے کا تیسرا حصہ کسی اور کو دے رہے ہیں اور ہمیں آگ میں ڈالا ہوا ہے اور یہ بہت کلیئر پیکچر ہے۔ میں نے ان کو ایک دن کہا کہ کیوں، کہتے ہیں وہ پھر ہم سے پیسے مانگیں گے تو میں نے کہا آپ کا کام ہے کہ پیسے Receive کرو، تو اپنی چوری کیلئے اس صوبے کو انہوں نے آگ میں دھکیلا ہوا ہے، تو اپنے سارے صوبے کے عوام کو کہتا ہوں کہ یہاں جو افسران بالا بیٹھے ہیں، ان کی وجہ سے ہم سب آگ میں بیٹھے ہیں، ان شاءاللہ ہفتے کے بعد ان سے حساب کریں گے۔ میں آخر میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں چونکہ روزے ہیں تو میں آخر میں پراونشل اسمبلی سٹاف کیلئے دو مہینے کا 'آنریریا' اور فنانس اور پی اینڈ ڈی کیلئے بھی دو مہینے کے 'آنریریا' کا اعلان کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب وزیر اعلیٰ: (ملک بہرام خان سے مخاطب ہو کر) مذاق نہ کرونا، پورے صوبے کا ہمیں کچھ-----

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 10:00 am of tomorrow.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 23 جون 2015ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)